www.KitaboSunnat.com

(۲۷)حافظ ابن کثیر کہتے ہیں: "اس روایت کا کوئی اصل نہیں"......(المقاصد الحسنۃ ص ۲۴۷)

(سائل: محمد صدیق، ایبٹ آباد)

س: مقتدی امام کے ساتھ جس رکعت میں شامل ہو گا وہ مقتدی کی پہلی رکعت تصور ہو گی یا جو رکعت امام کی ہے وہی مقتدی کی ہو گی؟

(۱) مقتدی امام سے جس رکعت میں ملتا ہے وہ اُس کی پہلی رکعت ہوتی ہے...... راجح مسلک یہی ہے۔

س: ایک مسلمان انسان مرنے سے قبل وصیت کر جائے کہ مرنے کے بعد اس کے اعضاء کسی اور کو لگا دیے جائیں تو کیا یہ شرعاً درست ہے؟

(۲) مرنے کے بعد اپنے اعضاء کی کسی دوسرے کے لیے وصیت کرنا درست نہیں کیونکہ انسانی بدن اللہ کی امانت ہے، بندے کی ملک نہیں۔ اسی بنا پر تو خودکشی کو جرم قرار دیا گیا ہے۔

س: حدیث من أحبّ سنتي فقد أحبني "جس نے میری سنت سے محبت کی، اس نے مجھ سے محبت کی" کی سند صحیح ہے یا ضعیف؟

(۳) اس حدیث میں علی بن زید بن جدعان ضعیف راوی ہے۔

س: حدیث "مسواک کر کے پڑھی گئی نماز بغیر مسواک کی گئی نماز سے ستر درجے زیادہ فضیلت رکھتی ہے" صحیح ہے یا ضعیف؟ (شیخ محمد علی محسن بہار کالون کراچی)

(۴) روایت ضعیف ہے (مزید تحقیق کے لیے ملاحظہ ہو: الفوائد المجموعۃ للشوکانی، ص ۱۱ و مشکوٰۃ بتحقیق علامہ البانی (۱/۱۲۴) اور تلخیص الحبیر (۱/۶۸۶۷) تخریج صلوۃ الرسول ﷺ ص ۱۰۲)

اِدارۃ الاِصلاح کا تربیتی اجتماع برائے علماء کرام

ادارۃ الاصلاح...... مرکز البدر، بنگہ بلوچاں، پھول نگر (بھائی پھیرو) میں علماء کا دوسرا دو روزہ تربیتی اجتماع ۳/اپریل بروز ہفتہ صبح ۹:۳۰ بجے سے ۴/اپریل اتوار عصر تک منعقد ہو گا (ان شاء اللہ) جس میں شیخ الحدیث حافظ محمد شریف، حافظ مسعود عالم، مولانا عبد الرشید مجاہد آبادی مولانا عبد اللہ ناصر رحمانی و دیگر علماء کرام تربیت فرمائیں گے۔ (محمد یحییٰ عزیز میر محمدی)

نوٹ: مرکز البدر میں ہی جمعۃ المبارک ۲/اپریل کو سلسلہ وار ماہانہ اصلاحی اجتماع ہو گا۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ